سوال

(512) حقیقی بھائی، دو علاتی بھائی اور ایک علاتی بہن

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

غلام قادر مرگئے وارث چھوڑا شیخ خیراتی برادر حقیقی اور عبدالرشید و عبدالصمد برادران علاتی اور مسماۃ بتولن ہمشیرہ علاتی کو ترکہ ان کا کس قدر کن کو پہنچا؟ راقم عبدالرشید ساکن بکسر محلہ خلاصی ٹولہ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں (بعد تقدیم ما تقدم علی الارث ورفع موانعه)

کل ترکہ غلام قادر کا شیخ خیراتی برادر حقیقی کو پہنچا اور کسی کو نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الفرائض، صفحہ: 753

محدث فتویٰ